لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاستِ رامپور

بحکم بندگانِ اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۸	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۲ جمادی الثانی سنہ ۱۳۳۹ھ مطابق ۲۱ فروری سنہ ۱۹۲۱ء	جلد ۳۳

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	مستقلی کریم احمد انجنیر واٹر ورکس۔	۱
۲	رخصت معاون اہلمد صادرہ۔	۲
۳	نسبت انتظام صیغہ واٹر ورکس۔	۳
۴	رخصت سید احسان حسن روزنامچہ نویس۔	۳
۵	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ

۱۳ فروری سنہ ۱۹۲۱ء

حسب استدعا صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر۔ کریم احمد کو بوجہ حسن انجام خدمت متعلقہ مستقل بعہدہ سینٹری اینڈ واٹر ورکس انجنیر مقرر کرکے موجودہ تنخواہ میں بیس روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا۔ اٹھارہ روپیہ ماہوار جو الاؤنس مقرر ہے وہ بدستور جاری رہیگا۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۵ر فروری سنہ ۱۹۲۱ء

حسب تحریر حاکم صاحب صدر ـ منظور حسین خان معاون اہلمد معاوضہ کی رخصت یکماہ بعوض شید اعلیخان امیدوار بتنخواہ سات روپیہ ماہوار بموجب قرارداد باہمی منظور ہوئی۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۹ر فروری سنہ ۱۹۲۱ء

صیغہ واٹر ورکس مین ہزارون روپے کا اسٹور ہی ـ کریم انچارج واٹر ورکس کو بوجہ دیگر ضروری سرکاری کامونکے اسقدر مہلت نہین ملتی کہ روزانہ اسٹور کی نگرانی کر سکین ـ نیز اس صیغہ مین محرر بھی ایک ہی ہی اسکی رخصت یا غیر حاضری کی صورت مین کام مین شورش کا اندیشہ ہی اسلئے ضرورت ہی کہ ایک ایسا جدید شخص ملازم رکھا جائے جو روزانہ اسٹور کے حساب وحفاظت کی نگرانی کرتا رہے اور بوقت رخصت وغیر حاضری محرر واٹر ورکس کے اسکا کام بھی انجام دیا کرے ـ علاوہ اسکے صیغہ واٹر ورکس مین صرف ایک چوکیدار ہی جو کل کارخانہ مین شب کو وقتاً فوقتاً گشت کرتا رہتا ہی اسٹور کی حفاظت کیلئے یہ انتظام کافی نہین ہی بلکہ ایک مستقل سپاہی کی ضرورت ہی کہ جسوقت اسٹور کیپر دروازہ بند کر کے جاوے اس سپاہی کو قفل دکھا کر جاوے اور سپاہی مذکور دوسرے روز اسٹور کھولنے تک اسٹور کے دروازہ پر موجود رہے نیز یہ کہ بالفعل جسقدر مال اسٹور سے برآمد ہوتا ہی وہ انچارج واٹر ورکس اور حبیب اللہ مستری کے دستخطی پرچون سے دیدیا جاتا ہی اور پھر ان پرچون سے انڈنٹ مرتب کر کے اسپر ہمارے دستخط کرا لئے جاتے ہین اور اسیطرح زر ذات مستقل مین سے جو رقم صرف کیجاتی ہی اسکی چک پر بھی ہمارے دستخط کرا لئے جاتے ہین اول تو برآمدگی مال کا یہ طریقہ بھی ٹھیک نہین ہی دوسرے بوجہ کثرت کار ہمکو بھی مہلت کم ہی لہذا اسکا انتظام بھی ضروری ہی ـ لہذا

حکم ہوا کہ

آیندہ ایک انڈنٹ بک انچارج واٹر ورکس وحبیب اللہ مستری کے پاس رہے جسکو جو سامان اسٹور سے منگانا ہو انڈنٹ بک پر درج کر کے ایک پرت انڈنٹ کا اسٹور کیپر کے پاس بھیجدیا کرین اور اسٹور کیپر ان انڈنٹونکو فائل بک مین جمع کرتا رہے ہر مہینہ پر انڈنٹ کی کتاب سے انڈنٹون کا مقابلہ کرا کے انچارج واٹر ورکس جانچ کر کے دستخط رجسٹر اسٹور پر کیا کرین اسطرح بجز برآمدگی مال قطعاً بند کیجاوے کسی انڈنٹ کا مال اسٹور سے برآمد نہ کیا جاوے اور جبکہ نگران اسٹور یا انچارج واٹر ورکس موجود نہ ہون نگران اسٹور جو رہے اسکی جانچ کرینگے کہ جسقدر انڈنٹ اسٹور مین آئے ہین انکا باقاعدہ اندراج رجسٹر اسٹور مین ہوگیا ہی یا نہین اور بعد جانچ کے دستخط رجسٹر اسٹور پر کیا کرینگے اور اسکی بھی نگرانی رکھین گے کہ جو مال خرید ہوکر خواہ بیرونجات سے یا شہر سے آتا ہی اور روزانہ رجسٹر اسٹور مین درج کر لیا جائے اسٹور کی حفاظت کی جو ذمہ داری بالفعل اسٹور کیپر کی ہی وہ بدستور رہیگی نگران اسٹور کی تقرری سے اسٹور کیپر کی ذمہ داری مین کوئی کمی نہوگی ـ نگران اسٹور سے انچارج واٹر ورکس جو مزید نگرانی وغیرہ کا لینا چاہین وہ بھی نامبردہ کو انجام دینا ہوگا ـ اور ایام رخصت وغیرہ حاضری محرر واٹر ورکس مین اسکا معاوضہ کل کام نگران اسٹور انجام دینگے ـ ایک سپاہی بمشاہرہ چھ روپیہ ماہوار حفاظت اسٹور کے لئے رکھ لیا جاوے انچارج واٹر ورکس نام تجویز کر کے بغرض تقرر رپورٹ پیش کرین ـ آیندہ زر ذات سے جو رقم خرچ کیجاوے اسکی چک پر انچارج واٹر ورکس دستخط کیا کرین

الحکم ضابطہ جاری ہون نقل روبکار ہذا درج گزٹ بھی کیجاوے

ملخص حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

رخصت

۱۷ر فروری سنہ ۱۹۲۱ء

حسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ ذات خاص ـ رخصت دو ماہ رشید علیخان روزنامچہ نویس بعوض حامد علیخان امیدوار منظور کی گئی ـ

نقشہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۱۴ لغایتہ ۲۰ فروری سنہ ۱۹۱۲ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۹۰ار		۱۰۵ر	۹۰ار		۱۲ر	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۱۰۵ار		۹۰ار	۹ار		۱۲ر	
نخود کسہ آمیز	۶ار		۱۰۶ر	۱۲ر		۱۰۶ار	
کسی	۱۰۲ر		۱۲ر	۱۰۶ر		۱۰۷ار	
ماش	۱۰۵ار		۹ار	۱۰۳ار		۹ار	
مونگ	۹ار		۱۰۷ار	۱۲ر		۱۵ر	
مکا	۱۰۷ار		۱۰۷ار	۱۲ر		۷ار	
جئی			•	۱۰۰ار		۷ار	
گوجئی	۹ار		•	•		۱۰۶ار	
مسور	۹۰ار		•	•		۷ار	
ارہر	۱۶ر		•	•		۷ار	
برنج	برنج جلی ۳۰ار ۷ار		۱۴ر	۱۳۰ار		۱۵ر	
روغن زرد	بے چشانک		۱۰ار	۱۰ار		•	
روغن سیاہ	۱۰ار		۷ار	۱۰۱ر		۱۰۷ار	
روغن کنجد	۱۳ار		۱۰۱ر	۸ار		۱۱ر	
نمک سانبھر	۱۰۱ار		۱۱ر	۱۰۸ر		۱۰ار	
نمک لاہوری	۵ار		۱۶ر	۱۵ر		۱۲ر	
قند سیاہ	۳ار		۸ار	۱۳ر		۸ار	
باجرہ	۱۰۹ار		۷ار	•	•	۷ار	